روحانی اگربتی

ڈاکٹر سائر واسطی شاہ جمالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برائے شفائے امراض، نظر بد، دفع آسیب، خاتمہ بندش، خاتمہ جادو ٹونہ وغیرہ کسی بھی دن چند اگربتیاں لیکر عصر کی نماز کے بعد اول آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں اسم الٰہی یا قابض یعنی اعراب کے ساتھ ی پر زبر ہے ق پر زبر ہے ب کے نیچے زیر ہے ض پر پیش ہے۔

یَاقَابِضُ

313 مرتبہ پڑھیں، اور اگربتیوں پر دم کرلیں۔ روحانی اگربتیاں تیار ہیں۔ مریض کے سرہانے جلائیں۔ جادو گھر میں ہو یا بندش ہو تو گھر میں جلائیں کاروباری جگہ دوکان وغیرہ میں جلائیں۔ جہاں جلائیں گے بندش، جادو ٹونہ، آسیب جناب، نحس اثرات کا خاتمہ ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مریض خواہ کسی بیماری کا شکار ہو یا جادو ٹونہ کا یا سایہ کا اس کے نزدیک جلائیں تاکہ کچھ خوشبو اس کو پہنچتی رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ! جند روز میں شفاء مل جائے گی۔ خوشبو سے الرجی ہو تو ذرا فاصلہ پر بھی جلا سکتے ہیں۔ جیسے چاہے استعمال کریں۔ پیچیدہ معاملہ ہو تو صبح شام بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ عام طور پر ایک روزانہ کافی ہے۔ بند شیں خواہ کسی وجہ سے ہوں یا کتنی ہی پرانی کیوں نہ ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ! جلد ان کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ دنوں کی کوئی قید نہیں جب تک ضروری سمجھیں استعمال کریں۔ حفظ ماتقدم کے طور پور بھی ویسے ہی گھر میں جلالیں تو بھی بہتر ہے۔

تجلیات گروپ کے تمام ممبران کو اجازت ہے۔ ضرور فیضیاب ہوں۔ اور اپنے کمنٹس سے نوازتے رہیں شکریہ